TPL Properties

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ TPL پراپرٹیز لمیٹڈ (کمپنی) کا سالانہ اجلاس عام مورخہ 22 اکتوبر 2019، بروز منگل، دوپہر 12:00 بجے بمقام 11th فلور، سینٹر پوائنٹ، متصل شہیدِ ملت روڈ، نزد کے پی ٹی انٹرچینج، کراچی، پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی منظوری کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1۔ 14 نومبر 2018 کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی منظوری دینا۔

**"قرار پایا کہ** TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے 14 نومبر 2018، صبح 11 بجے منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی منظوری دی جاتی ہے"

2۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (اجتماعی اور انفرادی) برائے سال مختتمہ 30 جون 2019 بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور کرنا اور ان کو اختیار کرنا۔

**"قرار پایا کہ** TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (اجتماعی اور انفرادی) برائے سال مختتمہ 30 جون 2019 بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی بذریعہ ہٰذا منظوری دی جاتی ہے۔

3۔ 30 جون 2020 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب کرنا اور ان کے معاوضے کی منظوری دینا۔ میسرز EY Ford Rhodes، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ریٹائر ہو چکے ہیں اور اہل ہونے کی حیثیت سے خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کرتے ہیں۔

**"قرار پایا کہ** میسرز EY Ford Rhodes، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا 30 جون 2020 کو ختم ہونے والے سال کیلئے باہمی رضامندی سے طے کردہ معاوضے اور ان سے موصول ہونے والے اقرار نامے کی بنیاد پر TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے آڈیٹرز کی حیثیت سے تقرر کیا جاتا ہے"

4۔ 3 سالہ مدت کیلئے کمپنی کے ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ 30 اگست، 2019 کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ہونے والے اجلاس میں ڈائریکٹرز کی تعداد 8 مقرر کی گئی تھی۔ درج ذیل 8 ڈائریکٹرز کی مدت 28 اکتوبر، 2019 کو اختتام پذیر ہو جائے گی:

| | |
|---|---|
| 1۔ جناب جمیل یوسف S.St | 2۔ جناب محمد علی جمیل |
| 3۔ جناب سراج دادا بھوئے | 4۔ وائس ایڈمرل (ریٹائرڈ) محمد شفیع HI (M) |
| 5۔ جناب بلال علی بھائی | 6۔ محترمہ صاحبہ سلطان |
| 7۔ جناب زیاد بشیر | 8۔ جناب فواد انور |

**دیگر امور**

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کو زیرِ غور لانا۔

بحکم بورڈ

**دانش قاضی**

کمپنی سیکریٹری

کراچی

یکم، اکتوبر 2019

**نوٹس:**

1۔ **حصص منتقلی کی کتابوں کی بندش:**

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 16 اکتوبر 2019 تا 22 اکتوبر 2019 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ ہمارے رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40، بلاک۔6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی۔ 75400 کو دفتری اوقات کے دوران 15 اکتوبر 2019 بروز منگل، شام 5 بجے تک موصول ہونے والی شیئرز کی منتقلی کی درخواستوں کو بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ **اجلاس میں شرکت:**

کمپنی کا ہر ممبر اجلاس میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا استحقاق رکھتا ہے اور اس بات کا بھی مجاز ہے کہ وہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی کیلئے بطور پراکسی نامزد کر دے اور نامزد کردہ شخص بھی اجلاس میں شرکت کرنے، رائے دینے، تقریر کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا مجاز ہوگا۔ اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ممبرز کراچی، لاہور، اسلام آباد/ راولپنڈی، پشاور اور کوئٹہ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس بابت ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کیلئے فراہم کردہ اجازت نامے کو باضابطہ پُر کر کے اجلاس عام منعقد ہونے سے 7 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرا دیں۔

کمپنی کو اوسطاً 10 فیصد یا اس سے زائد حصص کے حامل ممبران کی جانب سے اجازت نامے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے وصول ہونے پر، جو کسی ایک جغرافیائی حدود میں رہتے ہوں، کمپنی شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کر دے گی، بشرطیکہ ایسی سہولت مطلوبہ شہر میں دستیاب ہو۔

کمپنی ویڈیو کانفرنس سہولت کے مقام اور ویڈیو کانفرنس تک رسائی کیلئے مکمل معلومات ممبران کو اجلاس عام کی تاریخ سے 5 دن قبل مطلع کر دے گی۔

3۔ **پراکسی کی تقرری کیلئے:**

کوئی بھی ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو، وہ اس بات کا بھی مجاز ہے کہ وہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی کیلئے بطور پراکسی نامزد کر دے۔ اس سلسلے میں باضابطہ پُر اور دستخط کیا گیا پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40، بلاک۔6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی۔ 75400 کو اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی موصول ہو جائیں۔

4۔ ممبران جنہوں نے اپنے شیئرز CDC ہاؤس میں جمع کرائے ہیں، انہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

**اجلاس میں شرکت کیلئے:**

i۔ انفرادی حیثیت کی صورت میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC قوائد کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کیلئے اپنا مؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اپنا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے۔

ii۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع نامزد کردہ کے دستخط کے نمونے (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں) اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا لازمی ہیں۔

5۔ **ڈائریکٹرز کے الیکشن کیلئے:**

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد 8 مقرر کی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کی شرائط کے تحت کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کے آفس کیلئے الیکشن میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دیگر، وہ اس اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اس سلسلے میں فائل جمع کرائے گا، جو درج ذیل دستاویزات پر مشتمل ہوگی:

a۔ ڈائریکٹر کی حیثیت سے الیکشن کیلئے خود کو پیش کرنے کیلئے اظہارِ رضامندی کا نوٹس۔

b۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت بحیثیت ڈائریکٹر عملدرآمد کرنے کا اجازت نامہ

c۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2012(1)25 مورخہ 16 جنوری 2012 کے تحت درکار ایک تفصیلی پروفائل بمع آفس ایڈریس

d۔ ایک ڈیکلریشن جو درج ذیل کی تصدیق کرے:

i۔ وہ کمپنیز ایکٹ 2017، میمورینڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے شرائط وضوابط کے تحت ڈائریکٹر کی ذمہ داریوں سے بخوبی واقف ہے۔

ii۔ اس آفس کیلئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے وضع کردہ کسی بھی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی نہیں کرے گا/ گی اور مزید یہ کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ یا جاری کی جانے والی ہدایات، لیٹرز اور دیگر احکامات پر مکمل پیرا ہوگا/ ہوگی۔

iii۔ وہ کسی بھی قابل اطلاق قوانین وضوابط کے تحت کمپنی کا/ کی ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہ ہو۔

iv۔ وہ 5 لسٹڈ کمپنیز (بشمول اس کمپنی) سے زائد کمپنیز میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات سرانجام نہ دے رہا ہو۔ لسٹڈ ہولڈنگ کمپنیز کی ذیلی لسٹڈ کمپنیز کی ڈائریکٹرشپ اس میں شامل نہیں۔

6۔ **پتے میں تبدیلی:**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے متعلق فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پہلی منزل، C-40، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی-75400 پر اطلاع دیں۔

7۔ 30 جون 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے اکاؤنٹس کمپنی کی ویب سائٹ /http://tplproperty.com پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں۔

اس نوٹس کی تشریح اور تفصیل یا مبالغے کی صورت میں انگریزی میں چھپے AGM کے نوٹس کو حتمی حیثیت حاصل ہوگی۔

32x4 (File Print)